© rasailojaraid.com



ترحیم

# مسافرینِ آخرت

ادارہ

## حضرت چودھری عبدالخالق صاحب رحمہ اللہ کی رحلت:

حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہ کے خلیفۂ مجاز حضرت چودھری عبدالخالق صاحب رحمہ اللہ ۷ جولائی ۱۹۹۵ء بروز جمعتہ المبارک ملتان میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نہایت متقی، ملنسار، خاموش طبع اور خوش خلق انسان تھے۔ خانقاہ رائے پور کے روشن چراغ تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ لواحقین و پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

## مولانا حافظ عبداللطیف صاحب رحمہ اللہ:

حضرت امیرِ شریعت رحمہ اللہ کے رفیق اور ممتاز عالم دین مولانا حافظ عبداللطیف صاحب رحمہ اللہ گزشتہ ماہ سرگودھا میں انتقال کر گئے۔ عمر بھر دین کی خدمت میں مصروف رہے۔ ہمارے کرم فرما محترم مولوی محمد طارق صاحب آپ کے فرزند ارجمند ہیں اور آپ ہی کے قائم کردہ تعلیمی ادارہ پاکستان اسلامک اکیڈمی کو باحسن چلا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

## چودھری علی محمد صاحب مرحوم:

مجلسِ احرار اسلام ملتان کے جواں عزم کارکن چودھری عبدالستار صاحب کے والد ماجد چودھری علی محمد صاحب مرحوم ۲۳ جولائی کو انتقال کر گئے۔

مدرسہ معمورہ ملتان کے متعلم حافظ محمد اختر کے بڑے بھائی محمد اسلم عاصم گزشتہ ماہ ٹریفک کے ایک حادثہ میں رحلت کر گئے۔

ملتان میں ہمارے کرم فرما محترم ڈاکٹر محسن رضا خان صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

مجلسِ احرارِ اسلام بستی مولویاں کے معاون حافظ محمد سلیمان صاحب ۳۰ جون کو انتقال کر گئے۔

۴ جولائی کو حافظ محمد سلیمان مرحوم کے والد ماجد حاجی سعید احمد صاحب انتقال کر گئے۔ ان کا تعلق حضرت مولانا حماد اللہ صاحب ہالیجی کے ساتھ تھا۔ ان کی وصیت کے مطابق مفتی محمد صاحب نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ اور آبائی قبرستان میں دفن کیے گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولانا عبدالستار صاحب کو صدمہ:

ساہیوال میں ہمارے مہربان محترم مولانا عبدالستار صاحب (خطیب مرکزی مسجد عید گاہ) کے فرزند عبدالقادر اور مدرسہ اشرفیہ عید گاہ ساہیوال کے متعلم علی نواز ابن محمد نواز صاحب ۱۴ جولائی کو نہر میں ڈوب کر انتقال کر گئے۔ اللہ تعالیٰ دونوں بچوں کے والدین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے اور اس صدمہ کو والدین کے لئے ذریعہ نجات بنائے (آمین)

## سید محمد خاتم اندرابی کو صدمہ

حضرت مولانا سید عطاء المحسن شاہ صاحب مدظلہ کی بچی صاحبہ اور سید محمد خاتم اندرابی، سید محمد واسم اور سید محمد ناعم کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ کراچی میں رحلت فرما گئیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین)

اراکینِ ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کی دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان کے غم میں شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## مجلس احرارِ اسلام گوجرانوالہ کا تعزیتی اجلاس

مجلسِ احرارِ اسلام گوجرانوالہ کا تعزیتی اجلاس شیخ عبدالمجید امرتسری کی صدارت میں مقامی دفتر میں منعقد ہوا۔ شرکاءِ اجلاس نے خواجہ محمد سعید مرحوم کی اچانک رحلت پر گہرے غم کا اظہار کیا اور مرحوم کے لئے دعاء مغفرت و ایصالِ ثواب کیا گیا۔ مرحوم کے بھائی خواجہ محمد یونس اور دیگر اہل خانہ و پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے ان کے لئے صبرِ جمیل کی دعا کی۔

مجلسِ احرارِ اسلام گوجرانوالہ کے صدر شیخ عبدالمجید امرتسری نے مرحوم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بچپن سے ہی ان کا تعلق مجلسِ احرارِ اسلام سے تھا۔ ان کے والدِ محترم خواجہ محمد شریف مرحوم نے ۱۹۳۱ء کی تحریک کشمیر میں بھرپور حصہ لیا اور آخر دم تک مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ خواجہ محمد سعید مرحوم کو مجلسِ احرار ورثہ میں ملی تھی اور انہوں نے بھی مرتے دم تک احرار سے وفا کی۔ مرحوم بچپن سے ہی احرار کانفرنسوں میں شوق سے شریک ہوتے اور بڑے اہتمام سے سرخ وردی پہنتے۔ سرخ و سفید رنگ اور خوبصورت سڈول جسم پر وردی بہت جچتی تھی۔ وہ ایک ملنسار، خلیق اور مخلص دوست تھے۔

تمام شرکاءِ اجلاس نے خواجہ مرحوم کی خدمات پر انہیں زبردست خراجِ تحسین پیش کیا

(بقیہ ۳۱ پر دیکھیں)

© rasailojaraid.com